# پیشِ لفظ

الحمد للّٰہ رب العالمين والصلاة والسلام على سيد الأنبياء والمرسلين،وعلى اٰله وصحبه أجمعين ومن تبعهم بإحسان إلى يوم الدين۔وبعد!

اللہ جل شانہ وعم نوالہ کا کروڑوں انعام واحسان ہے کہ ''فتاویٰ علماء ہند'' جلد ثانی تکمیل کو پہنچی۔علما ومفتیانِ کرام کو جس کا شدت سے انتظار تھا۔چونکہ پہلی جلد میں کتاب الطہارۃ کے صرف ۱۰۷ر ہی صفحات آسکے تھے۔چنانچہ دوسری جلد کی رغبت اور بھی بڑھ گئی تھی۔

فتاویٰ علماء ہند بشمول اصل کتاب وترجمہ (عربی وانگریزی) کے ۲۰۰ر جلدیں متوقع ہیں،اس لیے کوشش اس بات کی ہے کہ ہر ماہ ایک جلد آجائے تو بھی قریب ۲۰ر سال کا عرصہ درکار ہوگا۔بندہ اس تاخیر پر معذرت خواہ ہے،تاخیر کا سبب جہاں اس کام کی مشکلات ہیں،وہیں اس کی بڑی وجہ بندے کی کم مائیگی ہے۔

اس لیے کہ ان کاموں کے لئے جس علمی صلاحیت کی ضرورت ہے،وہ بندۂ ناچیز میں ناپید ہے۔خداتعالیٰ اس خدمت کو قبول فرما کر مجھ بے بضاعت کے لئے ذخیرۂ آخرت بنادے۔(آمین)

الحمدللہ! ''فتاویٰ علماءِ ہند'' کی پہلی جلد منصۂ شہود پہ آکر ملک وبیرونِ ملک کے علمی حلقوں میں مقبول ہوئی۔ بالخصوص اہل فقہ وفتاویٰ،دارالقضاودارالافتااور عظیم دینی درسگاہوں میں اسے موجودہ مسائل کا حل سمجھا جارہا ہے۔

فتاویٰ علماءِ ہند کی یہ جلد پہلی جلد سے ممتاز ہے،اس لیے کہ اس جلد میں تعلیقات وحواشی کی مراجعت کا خاصہ اہتمام کیا گیا ہے اور تاحدِّ ممکن طباعت سے قبل ان مسودات کو اصحابِ فقہ وفتاویٰ کی نگاہوں سے گذارنے کی کوشش کی گئی ہے؛لیکن انسان خطا کا رہی نہیں؛ بلکہ سراپا خطا ہے،اس کا کوئی عمل خطا سے پاک نہیں،لہٰذا اہل علم سے درخواست ہے کہ غلطیوں کی نشاندہی فرما کر ممنون فرمائیں۔

اوراب میں اخیر میں اپنے تمام دوستوں بزرگوں کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں، جنہوں نے اس جلد کی تکمیل میں جس جہت میں بھی حصہ لیا ہو، ابوالکلام ریسرچ فاؤنڈیشن پٹنہ کے ذمہ داران ومعاونین کے علاوہ خاص طور پر ''ادارہ دینیات، ممبئی'' کے شعبۂ تحقیقات کے ذمہ داران جناب مولانا مفتی وسیم صاحب، جناب مولانا فہیم صاحب اوران کے رفقاء کرام، جنہوں نے بڑے ہی عرق ریزی کے ساتھ اس کتاب کی مراجعت میں حصہ لیا۔ اللہ تعالیٰ ان حضرات کی اس خدمت کو قبول فرمائے اورامت کو اس کتاب سے زیادہ سے زیادہ فائدہ پہونچائے۔ (آمین)

(محمد اسامہ شمیم الندوی)

**رئیس منظمة السلام العالمیة، ممبائی، الھند**

بتاریخ: ۸ ؍ جنوری ۲۰۱۴ء

بمطابق: ۶ ؍ ربیع الاول ۱۴۳۵ھ